علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ !

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: تفسیری ادب میں منتخب نصوص کا مطالعہ 2 (1962) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر:1تا 5)

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1- سورہ الرحمٰن کی فضیلت بیان کرتے ہوئے اس کے اہم مضامین پر ایک تفصیلی نوٹ قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- تفسیر المراغی کی روشنی میں سورہ الماعون کا لفظی اور بامحاورہ ترجمہ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- سورہ کوثر کا سبب نزول تحریر کیجئے، نیز اس کے اہم مضامین کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- سورہ العصر میں کون سے لوگوں کو خسارے کی وعید کی گئی ہے اور کون لوگ کامیاب ہیں؟ ایک جامع نوٹ قلمبند کیجئے۔

(20)

سوال نمبر 5- معارف القرآن (از مولانا محمد شفیع) کی روشنی میں سورہ الجمعہ کی فضیلت بیان کریں نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے مقاصد پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر:6 تا 9)

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1- سورہ نوح میں اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام کی بعثت کے کون سے مقاصد ذکر کیے ہیں؟ نیز مختلف قوموں کے معاملے میں سنت الٰہی کیا ہے؟ ایک جامع نوٹ قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- وہ کون سی اقدار ہیں جو سورہ نوح سے سیکھنے کو ملتی ہیں؟ مضامیں کا احاطہ کرتے ہوئے جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- قرآن کریم کی تلاوت اور عبادت کے حوالے سے سورہ مزمل میں کون سے اصول اور آداب ذکر ہوئے ہیں؟ تحریر کریں۔

(20)

سوال نمبر 4- سورہ الدہر میں اہل جنت کے وہ کون سے اعمال ہیں جن کے بدلے میں وہ انعامات کے حقدار ہوں گے؟ تفصیلی نوٹ لکھیں۔

(20)

سوال نمبر 5- تفسیر ماجدی کی روشنی میں سورہ الطارق کے اہم مضامین پر نظر ڈالتے ہوئے جامع تشریح کیجئے۔ (20)